# سُورَةُ الرَّحْمَٰن

Surah Ar-Rahman with Urdu Translation

بِسْمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحْمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ

55:1

ٱلرَّحْمَٰنُ ﴿١﴾

(وہ) رحمان ہی ہے،

55:2

عَلَّمَ ٱلْقُرْءَانَ ﴿٢﴾

جس نے (خود رسولِ عربی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو) قرآن سکھایا☆، ☆کفّار و مشرکینِ مکہ کے اِس الزام کے جواب میں یہ آیت اتری کہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو (معاذ اللہ) کوئی شخص خفیہ قرآن سکھاتا ہے۔ حوالہ جات کے لئے ملاحظہ کریں: تفسیر بغوی، خازن، القشیری، البحر المحیط، الجمل، فتح القدیر، المظہری، اللباب، الصاوی، السراج المنیر، مراغی، اضواء البیان اور مجمع البیان وغیرھم۔

55:3

خَلَقَ ٱلْإِنسَٰنَ ﴿٣﴾

اُسی نے (اس کامل) انسان کو پیدا فرمایا،

55:4

عَلَّمَهُ ٱلْبَيَانَ ﴿٤﴾

اسی نے اِسے (یعنی نبیِ برحق صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو مَاکَانَ وَمَایَکُونُ کا) بیان سکھایا☆، ☆مفسرین کرام نے بیان کا معنی علمِ مَاکَانَ وَمَایَکُونُ بھی بیان کیا ہے۔ حوالہ جات کے لئے ملاحظہ کریں: تفسیر بغوی، خازن، جمل، المظہری، اللباب، زاد المسیر، صاوی، السراج المنیر اور مجمع البیان۔

55:5

ٱلشَّمْسُ وَٱلْقَمَرُ بِحُسْبَانٍ ﴿٥﴾

سورج اور چاند (اسی کے) مقررہ حساب سے چل رہے ہیں،

55:6

وَٱلنَّجْمُ وَٱلشَّجَرُ يَسْجُدَانِ ﴿٦﴾

اور زمین پر پھیلنے والی بوٹیاں اور سب درخت (اسی کو) سجدہ کر رہے ہیں،

55:7

وَٱلسَّمَآءَ رَفَعَهَا وَوَضَعَ ٱلْمِيزَانَ ﴿٧﴾

اور اسی نے آسمان کو بلند کر رکھا ہے اور (اسی نے عدل کے لئے) ترازو قائم کر رکھی ہے،

55:8

أَلَّا تَطْغَوْا۟ فِى ٱلْمِيزَانِ ﴿٨﴾

تاکہ تم تولنے میں بے اعتدالی نہ کرو،

55:9

وَأَقِيمُوا۟ ٱلْوَزْنَ بِٱلْقِسْطِ وَلَا تُخْسِرُوا۟ ٱلْمِيزَانَ ﴿٩﴾

اور انصاف کے ساتھ وزن کو ٹھیک رکھو اور تول کو کم نہ کرو،

55:10

وَٱلْأَرْضَ وَضَعَهَا لِلْأَنَامِ ﴿١٠﴾

زمین کو اسی نے مخلوق کے لئے بچھا دیا،

55:11

فِيهَا فَٰكِهَةٌ وَٱلنَّخْلُ ذَاتُ ٱلْأَكْمَامِ ﴿١١﴾

اس میں میوے ہیں اور خوشوں والی کھجوریں ہیں،

55:12

وَٱلْحَبُّ ذُو ٱلْعَصْفِ وَٱلرَّيْحَانُ ١٢

اور بھوسہ والا اناج ہے اور خوشبودار (پھل) پھول ہیں،

55:13

فَبِأَيِّ ءَالَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ١٣

پس (اے گروہِ جنّ و انسان!) تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے،

55:14

خَلَقَ ٱلْإِنسَـٰنَ مِن صَلْصَـٰلٍ كَٱلْفَخَّارِ ١٤

اسی نے انسان کو ٹھیکری کی طرح بجتے ہوئے خشک گارے سے بنایا،

55:15

وَخَلَقَ ٱلْجَآنَّ مِن مَّارِجٍ مِّن نَّارٍ ١٥

اور جنّات کو آگ کے شعلے سے پیدا کیا،

55:16

فَبِأَيِّ ءَالَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ١٦

پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے،

55:17

رَبُّ ٱلْمَشْرِقَيْنِ وَرَبُّ ٱلْمَغْرِبَيْنِ ١٧

(وہی) دونوں مشرقوں کا مالک ہے اور (وہی) دونوں مغربوں کا مالک ہے،

55:18

فَبِأَيِّ ءَالَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ١٨

پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے،

55:19

مَرَجَ ٱلْبَحْرَيْنِ يَلْتَقِيَانِ ١٩

اسی نے دو سمندر رواں کئے جو باہم مل جاتے ہیں،

55:20

بَيْنَهُمَا بَرْزَخٌ لَّا يَبْغِيَانِ ٢٠

اُن دونوں کے درمیان ایک آڑ ہے وہ (اپنی اپنی) حد سے تجاوز نہیں کر سکتے،

55:21

فَبِأَيِّ ءَالَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ٢١

پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے،

55:22

يَخْرُجُ مِنْهُمَا ٱللُّؤْلُؤُ وَٱلْمَرْجَانُ ٢٢

اُن دونوں (سمندروں) سے موتی (جس کی جھلک سبز ہوتی ہے) اور مرجان (جس کی رنگت سرخ ہوتی ہے) نکلتے ہیں،

55:23

فَبِأَيِّ ءَالَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ٢٣

پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے،

55:24

وَلَهُ ٱلْجَوَارِ ٱلْمُنشَـَٔاتُ فِى ٱلْبَحْرِ كَٱلْأَعْلَـٰمِ ٢٤

اور بلند بادبان والے بڑے بڑے جہاز (بھی) اسی کے (اختیار میں) ہیں جو پہاڑوں کی طرح سمندر میں (کھڑے ہوتے یا چلتے) ہیں،

55:25

فَبِأَيِّ ءَالَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ٢٥

پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے،

55:26

كُلُّ مَنۡ عَلَيۡهَا فَانٖ ٢٦

ہر کوئی جو بھی زمین پر ہے فنا ہو جانے والا ہے،

55:27

وَيَبۡقَىٰ وَجۡهُ رَبِّكَ ذُو ٱلۡجَلَٰلِ وَٱلۡإِكۡرَامِ ٢٧

اور آپ کے رب ہی کی ذات باقی رہے گی جو صاحبِ عظمت و جلال اور صاحبِ انعام و اکرام ہے،

55:28

فَبِأَيِّ ءَالَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ٢٨

پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے،

55:29

يَسۡـَٔلُهُۥ مَن فِي ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَٱلۡأَرۡضِۚ كُلَّ يَوۡمٍ هُوَ فِي شَأۡنٖ ٢٩

سب اسی سے مانگتے ہیں جو بھی آسمانوں اور زمین میں ہیں۔ وہ ہر آن نئی شان میں ہوتا ہے،

55:30

فَبِأَيِّ ءَالَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ٣٠

پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے،

55:31

سَنَفۡرُغُ لَكُمۡ أَيُّهَ ٱلثَّقَلَانِ ٣١

اے ہر دو گروہانِ (انس و جن!) ہم عنقریب تمہارے حساب کی طرف متوجہ ہوتے ہیں،

55:32

فَبِأَيِّ ءَالَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ٣٢

پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے،

55:33

يَٰمَعۡشَرَ ٱلۡجِنِّ وَٱلۡإِنسِ إِنِ ٱسۡتَطَعۡتُمۡ أَن تَنفُذُواْ مِنۡ أَقۡطَارِ ٱلسَّمَٰوَٰتِ
وَٱلۡأَرۡضِ فَٱنفُذُواْۚ لَا تَنفُذُونَ إِلَّا بِسُلۡطَٰنٖ ٣٣

اے گروہِ جن و انس! اگر تم اِس بات پر قدرت رکھتے ہو کہ آسمانوں اور زمین کے کناروں سے باہر نکل سکو (اور تسخیرِ کائنات کرو) تو تم نکل جاؤ، تم جس (کرۂ سماوی کے) مقام پر بھی نکل کر جاؤ گے وہاں بھی اسی کی سلطنت ہوگی،

55:34

فَبِأَيِّ ءَالَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ٣٤

پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے،

55:35

يُرۡسَلُ عَلَيۡكُمَا شُوَاظٞ مِّن نَّارٖ وَنُحَاسٞ فَلَا تَنتَصِرَانِ ٣٥

تم دونوں پر آگ کے خالص شعلے بھیج دیئے جائیں گے اور (بغیر شعلوں کے) دھواں (بھی بھیجا جائے گا) اور تم دونوں اِن سے بچ نہ سکو گے،

55:36

فَبِأَيِّ ءَالَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ٣٦

پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے،

55:37

فَإِذَا ٱنشَقَّتِ ٱلسَّمَآءُ فَكَانَتۡ وَرۡدَةٗ كَٱلدِّهَانِ ٣٧

پھر جب آسمان پھٹ جائیں گے اور جلے ہوئے تیل (یا سرخ چمڑے) کی طرح گلابی ہو جائیں گے،

55:38

فَبِأَيِّ ءَالَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ٣٨

پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے،

55:39

فَيَوْمَئِذٍ لَّا يُسْـَٔلُ عَن ذَنۢبِهِۦٓ إِنسٌ وَلَا جَآنٌّ ٣٩

سو اس دن نہ تو کسی انسان سے اس کے گناہ کی بابت پوچھا جائے گا اور نہ ہی کسی جن سے،

55:40

فَبِأَيِّ ءَالَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ٤٠

پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے،

55:41

يُعْرَفُ ٱلْمُجْرِمُونَ بِسِيمَٰهُمْ فَيُؤْخَذُ بِٱلنَّوَٰصِى وَٱلْأَقْدَامِ ٤١

مجرم لوگ اپنے چہروں کی سیاہی سے پہچان لئے جائیں گے پس انہیں پیشانی کے بالوں اور پاؤں سے پکڑ کر کھینچا جائے گا،

55:42

فَبِأَيِّ ءَالَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ٤٢

پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے،

55:43

هَٰذِهِۦ جَهَنَّمُ ٱلَّتِى يُكَذِّبُ بِهَا ٱلْمُجْرِمُونَ ٤٣

(ان سے کہا جائے گا:) یہی ہے وہ دوزخ جسے مجرم لوگ جھٹلایا کرتے تھے،

55:44

يَطُوفُونَ بَيْنَهَا وَبَيْنَ حَمِيمٍ ءَانٍ ٤٤

وہ اس (دوزخ) میں اور کھولتے گرم پانی میں گھومتے پھریں گے،

55:45

فَبِأَيِّ ءَالَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ٤٥

پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے،

55:46

وَلِمَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهِۦ جَنَّتَانِ ٤٦

اور جو شخص اپنے رب کے حضور (پیشی کے لئے) کھڑا ہونے سے ڈرتا ہے اس کے لئے دو جنتیں ہیں،

55:47

فَبِأَيِّ ءَالَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ٤٧

پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے،

55:48

ذَوَاتَآ أَفْنَانٍ ٤٨

جو دونوں (سرسبز و شاداب) گھنی شاخوں والی (جنتیں) ہیں،

55:49

فَبِأَيِّ ءَالَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ٤٩

پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے،

55:50

فِيهِمَا عَيْنَانِ تَجْرِيَانِ ٥٠

ان دونوں میں دو چشمے بہہ رہے ہیں،

55:51

فَبِأَيِّ ءَالَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ٥١

پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے،

55:52

فِيهِمَا مِن كُلِّ فَٰكِهَةٖ زَوۡجَانِ ٥٢

ان دونوں میں ہر پھل (اور میوے) کی دو دو قسمیں ہیں،

55:53

فَبِأَيِّ ءَالَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ٥٣

پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے،

55:54

مُتَّكِـِٔينَ عَلَىٰ فُرُشِۭ بَطَآئِنُهَا مِنۡ إِسۡتَبۡرَقٖۚ وَجَنَى ٱلۡجَنَّتَيۡنِ دَانٖ ٥٤

اہلِ جنت ایسے بستروں پر تکیے لگائے بیٹھے ہوں گے جن کے استر نفیس اور دبیز ریشم (یعنی اَطلس) کے ہوں گے، اور دونوں جنتوں کے پھل (اُن کے) قریب جھک رہے ہوں گے،

55:55

فَبِأَيِّ ءَالَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ٥٥

پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے،

55:56

فِيهِنَّ قَٰصِرَٰتُ ٱلطَّرۡفِ لَمۡ يَطۡمِثۡهُنَّ إِنسٞ قَبۡلَهُمۡ وَلَا جَآنّٞ ٥٦

اور اُن میں نیچی نگاہ رکھنے والی (حوریں) ہوں گی جنہیں پہلے نہ کسی انسان نے ہاتھ لگایا اور نہ کسی جن نے،

55:57

فَبِأَيِّ ءَالَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ٥٧

پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے،

55:58

كَأَنَّهُنَّ ٱلۡيَاقُوتُ وَٱلۡمَرۡجَانُ ٥٨

گویا وہ (حوریں) یاقوت اور مرجان ہیں،

55:59

فَبِأَيِّ ءَالَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ٥٩

پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے،

55:60

هَلۡ جَزَآءُ ٱلۡإِحۡسَٰنِ إِلَّا ٱلۡإِحۡسَٰنُ ٦٠

نیکی کا بدلہ نیکی کے سوا کچھ نہیں ہے،

55:61

فَبِأَيِّ ءَالَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ٦١

پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے،

55:62

وَمِن دُونِهِمَا جَنَّتَانِ ٦٢

اور (اُن کے لئے) اِن دو کے سوا دو اور بہشتیں بھی ہیں،

55:63

فَبِأَيِّ ءَالَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ٦٣

پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے،

55:64

مُدۡهَآمَّتَانِ ٦٤

وہ دونوں گہری سبز رنگت میں سیاہی مائل لگتی ہیں،

55:65

فَبِأَيِّ ءَالَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ٦٥

پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے،

55:66

فِيهِمَا عَيْنَانِ نَضَّاخَتَانِ ﴿٦٦﴾

اُن دونوں میں (بھی) دو چشمے ہیں جو خوب چھلک رہے ہوں گے،

55:67

فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ﴿٦٧﴾

پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے،

55:68

فِيهِمَا فَاكِهَةٌ وَنَخْلٌ وَرُمَّانٌ ﴿٦٨﴾

ان دونوں میں (بھی) پھل اور کھجوریں اور انار ہیں،

55:69

فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ﴿٦٩﴾

پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے،

55:70

فِيهِنَّ خَيْرَاتٌ حِسَانٌ ﴿٧٠﴾

ان میں (بھی) خوب سیرت وخوب صورت (حوریں) ہیں،

55:71

فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ﴿٧١﴾

پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے،

55:72

حُورٌ مَقْصُورَاتٌ فِي الْخِيَامِ ﴿٧٢﴾

ایسی حوریں جو خیموں میں پردہ نشین ہیں،

55:73

فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ﴿٧٣﴾

پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے،

55:74

لَمْ يَطْمِثْهُنَّ إِنْسٌ قَبْلَهُمْ وَلَا جَانٌّ ﴿٧٤﴾

انہیں پہلے نہ کسی انسان ہی نے ہاتھ سے چھُوا ہے اور نہ کسی جِن نے،

55:75

فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ﴿٧٥﴾

پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے،

55:76

مُتَّكِئِينَ عَلَىٰ رَفْرَفٍ خُضْرٍ وَعَبْقَرِيٍّ حِسَانٍ ﴿٧٦﴾

(اہلِ جنت) سبز قالینوں پر اور نادر و نفیس بچھونوں پر تکیے لگائے (بیٹھے) ہوں گے،

55:77

فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ﴿٧٧﴾

پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے،

55:78

تَبَارَكَ اسْمُ رَبِّكَ ذِي الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ ﴿٧٨﴾

آپ کے رب کا نام بڑی برکت والا ہے، جو صاحبِ عظمت و جلال اور صاحبِ اِنعام و اکرام ہے،